Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

اسٹوڈنٹ کمپیوٹر/ ڈیوائس چیک آؤٹ پروگرام
ذمہ داری کی قبولیت اور گھر پر استعمال کا معاہدہ

میں، ________________________ اجازت دیتا/ دیتی ہوں کہ ________________________
والد/ والدہ یا سرپرست کا نام — طالب علم کا نام

ہمارے اسکول کےکمپیوٹر/ ڈیوائس چیک آوٹ پروگرام میں، شرکت کر سکتا/ سکتی ہے۔ میں اس بات سے، آگاہ ہوں کہ درج بالا نشاندہی کردہ طالب علم کو، اسکول اور گھر پر استعمال کے لیئے، ایک کمپیوٹر/ ڈیوائس ادھار دی جائے گی۔

والدین/ سرپرست درج ذیل شرائط سے اتفاق کرتے ہیں:

1. یہ ڈیوائس طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں کے کتابچے میں، بیان کردہ قابل قبول پالیسی کے مطابق، گھر اور اسکول میں، ذمہ داری سے، استعمال کی جائے گی۔
2. ذیل میں دستخط کرنے والے، طالب علم کو ہی ، یہ ڈیوائس استعمال کرنے کا اختیار دیا جائے گا۔
3. یہ ڈیوائس صرف تعلیمی مقاصد کے لیئے، استعمال کی جائے گی اور کسی بھی تفریحی یا روزگار سے متعلق، مقاصد کے لیئے نہیں۔
4. FCPS کو، یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت، اس ڈیوائس میں، محفوظ یا قابل رسائی کوئی بھی ذاتی معلومات سمیت اس ڈیوائس کے مواد کی یاد آوری یا جائزہ لے سکتے ہیں۔
5. FCPS کے تعلیمی پروگراموں کے علاوہ (بشمول مگر ان ہی تک محدود نہیں ذاتی گیمز یا میوزک ڈاؤن لوڈ کرنا اور اضافی ایپلی کیشنز انسٹال کرنا) کسی اور مقصد کے لیئے، یہ ڈیوائس استعمال کرنے پر، پابندی ہے۔
6. ایک بار ڈیوائس واپس کر دینے کے بعد، اس پر محفوظ ڈیٹا پر، طالب علم کو رسائی حاصل نہیں ہو گی۔
7. یہ ڈیوائس محفوظ انداز میں، انٹرنیٹ پر موجود مواد کی فلٹرنگ کی ایک ایسی ایپلی کیشن کے ساتھ آتی ہے، جو طلباء کو نقصان دہ اور نا مناسب ویب سائٹ پر جانے سے روکنے کے لیئے، بنائی گئی ہے۔ اس کے باوجود، والدین اور سرپرست FCPS ڈیوائس کے استعمال کے دوران، اپنے طلباء کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔
8. یہ ڈیوائس طالب علم کو، وقتی طور پر ادھار دی گئی ہے۔ کسی بھی انسٹرکٹر یا اسکول کے عملے کی طرف سے، درخواست کیئے جانے پر یہ ڈیوائس اور اس کے ساتھ کے لوازمات فوری طور پر، اسکول میں واپس جمع کروانے ہوں گے۔
9. والدین/ سرپرست اور/ یا طالب علم، درج بالا ڈیوائس کی مکمل ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔ والدین/ سرپرست اقرار کرتے ہیں کہ طالب علم کی غفلت یا غیر ذما دارانہ رویے کی وجہ سے، اگر اس ڈیوائس کو، کوئی بھی نقصان پہنچا تو وہ اس کا ازالہ کریں گے، چاہے یہ نقصان کہیں بھی ہوا ہو۔
10. ڈیوائس کے گم جانے، چوری ہو جانے یا کوئی نقصان پہنچنے کی صورت میں والدین/ سرپرست FCPS کو، متبادل ڈیوائس کی قیمت ادا کریں گے۔ یہ قیمت ڈیوائس او ملحقات کی اصل قیمت سے، اوپر نہیں جائے گی۔ ڈیوائس کے گم جانے، چوری ہو جانے یا کوئی نقصان پہنچنے کی صورت میں والدین/ سرپرست اسکول کو، **پانچ** کاروباری دنوں کے اندر اندر، اطلاع دینے کا اقرار کرتے ہیں تا کہ متبادل ڈیوائس کے طریقہ کار کو، یقینی بنایا جا سکے۔

ذمہ دارانہ استعمال کی ہدایات

اپنے طالب علم کے ساتھ درج ذیل ہدایات کا جائزہ لیجیئے۔

1. FCPS سے ادھار لیئے گئے، کمپیوٹر/ ڈیوائس صرف FCPC کے تعلیمی پروگراموں سے منسلک پراجیکٹ کے لیئے، ہی استعمال ہونے چاہئیں۔ طالب علم اسے اپنے کسی ذاتی یا معاشی استعمال میں نہیں لا سکتا۔
2. یہ کمپیوٹر/ ڈیوائس انتہائی قیمتی ہے، اسے مناسب طریقے سے، استعمال کریں۔ اسے پھینکنا، گرانا یا کہیں مارنا نہیں چاہیئے۔ اسے کبھی بھی گاڑی کی چھت یا سامنے والے حصے پر مت رکھیں، سڑک پر لے کر مت چلیں یا کسی بھی ایسے استعمال میں مت لائیں، جس سے اس کے ٹوٹنے، گرنے یا خراب ہونے کا خطرہ ہو۔

3. یہ کمپیوٹر/ ڈیوائس صرف آپ کے استعمال کے لیئے، ہے۔ آپ کے دوست، دیگر طلباء، بہن بھائی، رشتہ دار یا کسی دوسرے فرد کو، اسے استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ تمام وقت پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

4. اس کمپیوٹر/ ڈیوائس کو، کبھی بھی کلاس روم، بس، راہداری، لنچ روم، جم یا کسی اور عوامی جگہ پر، بنا نگرانی کے مت چھوڑیں۔

5. اس کمپیوٹر/ ڈیوائس کو پانی، صفائی والے محلول، کھانے پینے کی اشیاء یا کسی اور ایسے محلول کے نزدیک استعمال مت کریں، جس سے اس کے برقی اجزاء کو، کوئی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔

6. باہر لے جاتے وقت، اس کمپیوٹر/ ڈیوائس کو، اس طرح سے محفوظ بنائیں کہ بارش، برف، اضافی گرمی یا سردی سے، اسے کوئی نقصان نہ پہنچے۔

7. یہ کمپیوٹر/ ڈیوائس استعمال کرتے وقت، انٹرنیٹ کا منساسب استعمال ضروری ہے۔ قابل قبول استعمال کی پالیسی میں، انٹرنیٹ کے محفوظ اور تحفظاتی سیکشن کے اندر، انٹرنیٹ کے مناسب استعمال سے متعلق، ہدایات فراہم کی گئی ہیں۔

8. جب طالب علم تعلیمی دن کے دوران یہ کمپیوٹر/ ڈیوائس اسکول لے کر آتا ہے تو اسکول آنے سے پہلے، اسے مکمل طور پر چارج ہونا چاہیئے۔

9. آپ کے اسکول کی طرف سے، صرف اسکول ٹائم کے دوران، چیک آؤٹ ہونے والے، کمپیوٹر/ ڈیوائس کے لیئے، تکنیکی مدد دستیاب ہے۔

میں نے درج بالا شرائط اور ہدایات پڑھ لی ہیں اور میں ان سے، اتفاق کرتا/ کرتی ہوں اور میں اجازت دیتا/ دیتی ہوں کہ میرے بچے کو، FCPS کا لیپ ٹاپ جاری کیا جا سکتا ہے۔

والد یا والدہ/ سرپرست کا نام (براہ مہربانی صرف قالبی حروف): ______________________________________

والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط (براہ مہربانی دستخط کریں): ______________________________________

آج کی تاریخ:_____________